# 13-05-2025 TUESDAY URDU NEWS BULLETIN 17.50 HRS

## سرخیاں

...... وزیراعظم نریندر مودی نے ایک واضح پیغام دیتے ہوئے کہا ہے کہ ہندوستان دہشت گردوں کے ٹھکانوں پر نشانہ لگا کر حملہ کرنے کی مکمل صلاحیت رکھتا ہے۔

......ڈپٹی چیف منسٹر ملو بھٹی وکرمارکا نے کہا ہے کہ ان کی عوامی حکومت ہے اور عوام کی بہبود کے لئے ہی یہ حکومت کام کرے گی۔

......وزیر آئی ٹی سریدھر بابو نے کہا ہے کہ ہر ضلع مستقر میں اسکیل ٹریننگ سنٹرس قائم کئے جائیں گے تاکہ تلنگانہ کو اسکیل ڈیولپمنٹ میں سنٹر آف ایکسلنس بنایا جاسکے۔

......سنٹرل بورڈ آف سکنڈری ایجوکیشن (سی بی ایس ای) نے دسویں اور بارہویں جماعت کے امتحانات کے نتائج کا اعلان کردیا ہے۔ دونوں امتحانات میں لڑکیوں کا نمایاں مظاہرہ۔

## PM ADAMPUR

وزیراعظم نریندر مودی نے ایک واضح پیغام دیتے ہوئے کہا ہے کہ ہندوستان دہشت گردوں کے ٹھکانوں پر نشانہ لگا کر حملہ کرنے کی مکمل صلاحیت رکھتا ہے۔ آپریشن "سندور" کی کامیابی پر بات کرتے ہوئے نریندر مودی نے کہا کہ اس کارروائی کے دوران نہ صرف دہشت گردوں کے کیمپ تباہ کیے گئے بلکہ ان کے ناپاک عزائم اور جرا? ت بھی ناکام ہوگئی۔ انہوں نے یہ پیغام فضائیہ کے جوانوں اور فوجی عہدیداروں کے ساتھ آدھم پور، پنجاب کے ایئر فورس اسٹیشن میں بات چیت کے دوران دیا۔ انہوں نے ملک کی حفاظت کے لئے افواج کی ہمت، قربانی اور پیشہ ورانہ صلاحیت کی ستائش کی۔ انہوں نے کہا کہ ''بھارت ماتا کی جے'' ہر اس سپاہی کا جذبہ ہے جو ملک کے لیے اپنی جان قربان کرنے کو تیار ہو۔

## BHATTI

ڈپٹی چیف منسٹر ملو بھٹی وکرمارکا نے کہا ہے کہ ان کی عوامی حکومت ہے اور عوام کی بہبود کے لئے ہی یہ حکومت کام کرے گی۔ انہوں نے محبوب آباد ضلع کے بیارم منڈل میں جلسے عام سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ حکومت عوامی ضروریات کی تکمیل کے لئے بہبود کے پروگراموں پر زیادہ رقم خرچ کررہی ہے۔ انہوں نے یاددہانی کروائی کہ ریاستی حکومت نے 3500 اندراماں مکانات منظور کئے ہیں۔ ایس سی اور ایس ٹی حلقوں کے لئے اضافی مکانات کی منظوری کا منصوبہ ہے۔۔ انہوں نے ضلع کے لکشمی نرسمہا پورم گاوں میں 16 کروڑ روپئے مالیت کے ترقیاتی کاموں کا سنگ بنیاد رکھا۔

## SKILL TRAINING

وزر آئی ٹی سریدھر بابو نے کہا ہے کہ ہر ضلع مستقر میں اسکیل ٹریننگ سنٹرس قائم کئے جائیں گے تاکہ تلنگانہ کو اسکیل ڈیولپمنٹ میں سنٹر آف ایکسلنس بنایا جاسکے۔ انہوں نے رنگاریڈی ضلع کے کندوکورمنڈل کے میر خانم پیٹ میں واقع ینگ انڈیا اسکیل یونیورسٹی کے مستقل کیمپس کی تعمیر کی پیش رفت کا جائزہ لیا۔ مقام کے معائنے کے بعد وزیر موصوف نے کنٹراکٹر، عوامی نمائندوں اور متعلقہ عہدیداروں کے ساتھ جائزہ اجلاس منعقد کرتے ہوئے انہوں ہدایت دی کہ پراجکٹ کی بروقت تکمیل کو یقینی بنایا جائے۔ سریدھر بابو نے زور دیتے ہوئے کہا کہ ینگ انڈیا اسکیل یونیورسٹی کو بین الاقوامی معیارات کے مطابق قائم کیا گیا ہے تاکہ تعلیم اور انڈسٹری کے درمیان تفاوت کو ختم کیا جائے۔ اس طرح تلنگانہ کے نوجوانوں کے لئے روزگار کے مواقع پیدا کئے جائیں۔ انہوں نے اس عہد کا اعادہ کرتے ہوئے تیقن دیا کہ ہر انتخابی وعدے کو پورا کیا جائے گا۔

## DEFENCE BUDGET

حکومت نے کہا ہے کہ 14-2013 کے دفاع کے بجٹ 2.53 لاکھ کروڑ روپئے میں اضافہ کرتے ہوئے اسے 26-2025 میں 6.81 لاکھ کروڑ روپئے کردیا گیا ہے۔ وزارت دفاع نے سوشیل میڈیا پوسٹ پر کہا کہ اسٹریٹیجک اصلاحات۔ خانگی شعبے کی شراکت اور اختراعات میں دیسی ساختہ تیاری کے شعبے کے ذریعہ ہندوستان کو خود مکتفی بنایا اور عالمی سطح پر بااعتماد دفاعی برآمد کنندہ بنانے کے ساتھ ساتھ قومی سلامتی ومعاشی ترقی کو مستحکم کیا۔

## CJI- RETIREMENT

ہندوستان کے چیف جسٹس سنجیو کھنہ 12 نومبر 2024 کو ریٹائر ہوجائیں گے، جب وہ سپریم کورٹ کے 51 ویں چیف جسٹس کے طور پر اپنی مدت مکمل کریں گے۔ وہ چھ ماہ تک چیف جسٹس رہے۔ جسٹس کھنہ نے رسمی طور پر جسٹس بھوشن رام کرشنا گوئی کو بطور جانشین تجویز کیا ہے، جو سپریم کورٹ میں دوسرے سینئر ترین جج ہیں۔ وزارت قانون وانصاف اور صدر مرمو کی منظوری کے بعد جسٹس گوئی کو ہندوستان کے 52 ویں چیف جسٹس کے طور پر حلف دلایا جائے گا۔

## FINANCE SECRETARY

1998 بیاچ کے آئی اے ایس عہدیدار سندیپ کمار سلطانیہ کو تلنگانہ کا نیا فینانس سکریٹری مقرر کیا گیا ہے۔ ریاستی حکومت نے کل احکامات جاری کیے۔ سلطانیہ نے کے راما کرشنا راؤ کی جگہ لی ہے، جو 30 اپریل کو چیف سکریٹری بننے کے بعد فینانس سکریٹری کے عہدے سے سبکدوش ہوگئے تھے۔ راما کرشنا راؤ گزشتہ دس سال سے یہ عہدہ سنبھالے ہوئے تھے اور چیف سکریٹری بننے کے بعد بھی یہ اضافی ذمہ داری انجام دے رہے تھے۔

## KONDA SUREKHA

ریاستی وزیر جنگلات وماحولیات، کونڈا سوریکھا نے آج عہدیداروں کو ہدایت دی کہ حیدرآباد کے نہرو زولوجیکل پارک اور ہنمکنڈہ کے کاکتیہ زولوجیکل پارک میں جانوروں کی حفاظت پر خصوصی توجہ دی جائے، کیونکہ ریاست میں شدید گرمی کی لہر جاری ہے۔ انہوں نے ہدایت دی

کہ جانوروں کے لیے پانی اور خوراک، خصوصاً تربوز اور کھیرا، مہیا کیا جائے۔ انہوں نے یہ ہدایات ایک ویڈیو کانفرنس کے دوران دیں جس میں جنگلات میں آگ لگنے کے واقعات اور جنگلی حیات کے تحفظ سے متعلق اقدامات پر گفتگو کی گئی۔ یہ ویڈیو کانفرنس سکریٹریٹ میں ان کے چیمبر سے منعقد ہوئی۔ وزیر نے جنگلات میں آگ سے بچاؤ کے لیے استعمال کیے جانے والے آلات اور محکمہ کی تیاری کے بارے میں بھی معلومات حاصل کیں۔

REV CBSE RESULTS

سنٹرل بورڈ آف سکنڈری ایجوکیشن (سی بی ایس ای) نے دسویں اور بارہویں جماعت کے امتحانات کے نتائج کا اعلان کر دیا ہے۔ بارہویں جماعت میں 88 فیصد سے زیادہ طلبہ کامیاب ہوئے، جو پچھلے سال کی نسبت 0.41 فیصد زیادہ ہے۔ لڑکیوں نے لڑکوں سے بہتر کارکردگی دکھائی اور 5.94 فیصد زیادہ کامیابی حاصل کی، کل 91 فیصد طالبات نے امتحان پاس کیا۔ زنخہ طلبہ نے 100 فیصد کامیابی حاصل کی۔ دسویں جماعت میں 93.66 فیصد طلبہ کامیاب ہوئے، جو گزشتہ سال کے مقابلے 0.06 فیصد کا اضافہ ہے۔ یہاں بھی لڑکیوں نے 95 فیصد کامیابی کے ساتھ لڑکوں کو پیچھے چھوڑ دیا۔ نتائج سی بی ایس ای کی آفیشل ویب سائٹ اور دیگر ڈیجیٹل پلیٹ فارمز پر دستیاب ہیں۔

ADD CBSE RESULTS

تلنگانہ میں سی بی ایس ای دسویں جماعت کے امتحانات کے نتائج میں 99.83 فیصد طلبہ کامیاب ہوئے، جو ایک شاندار کامیابی ہے۔ بارہویں جماعت کی طرح، دسویں جماعت میں بھی لڑکیوں نے لڑکوں کو پیچھے چھوڑ دیا۔ لڑکیوں کا کامیابی کا تناسب 99.86 فیصد رہا۔

PM CBSE RESULT

وزیر اعظم نریندر مودی نے ان طلبہ کو مبارکباد دی ہے جنہوں نے سی بی ایس ای کے دسویں اور بارہویں کے امتحانات کامیابی سے مکمل کیے ہیں۔ ایک سوشل میڈیا پوسٹ میں وزیر اعظم نے کہا کہ نتائج طلبہ کی محنت، نظم و ضبط اور عزم کا مظہر ہیں۔ اُن طلبہ کے لیے جو اپنے نتائج سے مایوس ہوں، وزیر اعظم نے یہ پیغام دیا کہ کوئی ایک امتحان کسی انسان کی شناخت کا تعین نہیں کرتا۔

WEATHER

تلنگانہ کے مختلف علاقوں میں آئندہ پانچ دنوں کے دوران تیز ہواؤں کے ساتھ گرج چمک کے ساتھ بارش کا امکان ہے۔ محکمہ موسمیات نے اپنی روزانہ کی رپورٹ میں کہا ہے کہ ہلکی تا اوسط بارش یا گرج چمک کے ساتھ بارش اگلے سات دنوں میں کہیں کہیں یا کئی جگہوں پر متوقع ہے۔ گزشتہ 24 گھنٹوں کے دوران تلنگانہ کے ایک یا دو مقامات پر بارش ریکارڈ کی گئی۔ ریاست میں اعظم ترین درجہ حرارت 41.8 ڈگری سیلسیس کھمم میں ریکارڈ کیا گیا۔

JOB MELA

نامپلی کے ریڈ روز پیالیس فنکشن ہال میں ہفتے کو آٹھ بجے صبح تے ایک بجے دوپہر میگا جاب میلہ منعقد کیا جائے گا۔ آرگنائزر منان خان

انجینئر نے کہا کہ اس جاب میلے میں کئی کمپنیاں حصہ لیتے ہوئے فارما۔ ہیلتھ۔ آئی ٹی اور آئی ایز کے علاوہ تعلیم بینکس اور دیگر شعبوں میں ملازمتوں کی پیش کش کریں گی۔ چند کمپنیوں میں گھر سے کام کرنے کی سہولت بھی فراہم کی جائے گی۔